Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · ACTS & SUPPLICATIONS IN SEVEN CHAPTERS

Namaz of Friday Eve

شب جمعہ کی نماز

> Quoting the book of Kunuz Najah by Shaikh Tabrisi, the author of Najm Thaqib mentioned the following statement to have come from the Holy Region (Imam Mahdi): “Whoever has a request to be urgently granted by Almighty Allah, may bathe himself after midnight at a Friday night, directs towards his place of prayer, and offers a 2 unit prayer. In each unit, he may recite Surah Fateha (https://fzic.org/library/quran/1-fateha-7-1074), but when he reaches this holy verse, he should repeat it 100 times. He may then continue reciting this Surah. After that, he may recite Surah Ikhlaas (https://fzic.org/library/quran/112-ikhlaas-4-1185) once. The same thing may be done in the second unit. The doxologies of glorifying God that are said in the genuflection (ruku) and prostrations (sujood) of the prayers may be repeated 7-7 times in this prayer...

> مؤلف نجم الثاقب نے شیخ طبرسیؒ کی کتاب کنوز النجاح سے نقل فرمایا ہے کہ حضور امام الزمان عجل اللہ فرجہ کی طرف سے یہ حکم صادر ہوا ہے کہ جسے درگاہ الٰہی میں کوئی حاجت پیش کرنا ہو تو وہ شب جمعہ کی آدھی رات کے بعد غسل کرے اور جائے نماز پر جاکر ۲ رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ (https://fzic.org/library/quran/1-fateha-7-1074) کی قرأت میں اس آیت کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھے اور پھر سورہ تا آخر پڑھے، رکوع و سجود کے اذکار کو ۷۔۷ مرتبہ پڑھے۔۔۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔

IYYAAKA NA'BUDU WA-IYYAAKA NASTA'EEN.

Thee do we serve and Thee do we beseech for help.

پروردگار! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں۔

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ۔

SUBHAANA RABBIYA AL-'AZEEMI WABIHAMDIH.

Glory be to my Lord the great, and praise belongs to Him.

پاک ہے میرا رب عظمت والا ہے اور میں اس کی حمد کرتا ہوں۔

Free to read, copy and share

Upon accomplishment of the prayer, he may beseech Almighty Allah using Allahumma in at'ato-ka (https://fzic.org/library/dua/allahumma-in-atato-ka-2920) supplicatory prayer. If he does, Almighty Allah will most certainly grant him his request unless it results in rupture of relations with one's relatives.

نماز تمام کرنے کے بعد دعا اَللّٰھُمَّ اِنِ اَطَعتُکَ (https://fzic.org/library/dua/allahumma-in-atato-ka-2920) پڑھے تو اللہ تعالیٰ یقیناً اس کی دعا قبول فرمائیگا بشرطے کہ وہ قطع رحمی کے لئے نہ ہو۔

You may now mention the one whom you anticipate to harm you by name and the father's name (so-and-so the son of so-and-so) and beseech Almighty Allah to repel his harm and save from his evils. Most certainly, Almighty Allah will do, if He wills. Then, you may prostrate yourself, submit your request, and beseech Almighty Allah earnestly and purely. Verily, if any believing man or woman offers this prayer and says this supplicatory prayer, the doors to the heavens will be opened before him so that his requests will be granted and his prayer will be immediately responded, no matter what his prayer may be. This is one of the favors Almighty Allah has bestowed upon people and upon us." The venerable son of Shaikh Tabrisi; namely, Radi Din Hasan ibn Fadl, has reported this prayer too in the book of Makarim Akhlaq with little difference in the supplicatory prayer. In the prefatory statement, he has added the word QAD (surely) after KUNTO (have been), the word AHADAN (anyone) after the word AKHAFA (fear), and the word AS'ALOKA (I beseech You) after the word FIR'AWNA (Pharaoh). However, the other words of the supplicatory prayer are the same.

فلاں بن فلاں کی بجائے اس شخص کا نام لے جس سے نقصان کا اندیشہ ہو حق تعالیٰ سے دعا کرے کہ وہ اس کے نقصان سے بچائے تو یقیناً اللہ تعالیٰ اسے اس شخص سے پہنچنے والے نقصان سے محفوظ رکھے گا اس کے بعد سر سجدے میں رکھ دے خدا کے حضور گڑگڑائے اور اپنی حاجات طلب کرے پس جو مؤمن مرد و زن یہ دعا پڑھے تو اس کی حاجت برآری کے لئے اسی دن اور اسی رات آسمان کے دروازے کھل جائیں گے اس کی دعا قبول ہوگی خواہ وہ کسی بھی حاجت کے لئے ہو یہ کشادگی ہم پر اور سب لوگوں پر خداوند عالم کے احسان و کرم کی وجہ سے ہے۔ مؤلف کہتے ہیں شیخ طبرسیؒ کے فاضل فرزند نے بھی مکارم اخلاق میں یہ دعا نقل کی ہے لیکن اس کے آغاز میں اَللّٰھُمَّ اِنِ کُنتُ عَصَیتُکَ کی بجائے اِنِ کُنتُ قَدَ عَصَیتُکَ آیا ہے حَتّٰی اَاخَافُ کے بعد اَحدًا کا اضافہ ہے فرعون کے بعد اَسئَلُکَ ہے اور باقی دعا وہی ہے جو نقل کی گئی ہے۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/namaz-of-friday-eve-4167 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.